سوال

(448) روزہ رکھنے کی وجہ سے مرض کا بڑھ جانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ڈاکٹر حضرات بعض بیماریوں کے متعلق کہتے ہیں کہ ان میں روزہ رکھنے سے مرض بڑھ جاتا ہے یا شفایابی میں تاخیر ہو جاتی ہے، اور وہ ایسے مریضوں کو روزہ رکھنے سے منع کرتے ہیں مثلاً سینے یا سانس کی بیماری وغیرہ میں، تو ایسے مریضوں کے لیے کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب معالج انتہائی لائق، قابل اعتماد اور غیر متہم ہوں، اور اپنے علم و تجربہ کی روشنی میں یہ بات کہتے ہوں تو مریض کو ان کے کہنے پر روزہ چھوڑ دینے کی رخصت ہے۔ بعض علماء نے ایسے معالج کا مسلمان ہونا شرط کہا ہے، اور کچھ علماء کے نزدیک اس کا مسلمان ہونا شرط نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 354

محدث فتویٰ